Government of **Western Australia**
Department of **Health**

درجہ 8 کیلئے امیونائزیشن پروگرام – والدین کیلئے معلومات

امیونائزیشن کیوں اہم ہے؟

امیونائزیشن (حفاظتی ٹیکے اور ادویات دے کر مدافعت پیدا کرنا لوگوں کو انفیکشن سے ہونے والی ایسی بیماریوں سے بچاتی ہے جن سے شدید بیمار ہونے، معذوری اور موت کا زیادہ خطرہ ہوتا ہے۔ ویکسینز (حفاظتی ٹیکے اور ادویات) سے ایک مدافعتی عمل شروع ہوتا ہے جو لوگوں کو اپنے ماحول میں اس بیماری سے دوبارہ واسطہ پڑنے پر محفوظ رکھتا ہے۔

آسٹریلیا میں اس وقت دستیاب تمام ویکسینز کیلئے حفاظت کے کڑے معیاروں پر پورا اترنا ضروری ہے اور اس کے بعد ہی ان کی منظوری دی جاتی ہے۔ ویکسینز کے محفوظ اور مؤثر ہونے کے حوالے سے لگاتار نظر رکھی جاتی ہے۔ ویکسینز کے محفوظ ہونے اور ان کے عام اور کم پائے جانے والے ضمنی اثرات کے بارے میں مزید تفصیل پڑھیں:
healthywa.wa.gov.au/immunisation

درجہ 8 کیلئے امیونائزیشن پروگرام

آسٹریلیا میں درجہ 8 کے طالبعلموں کو نیشنل امیونائزیشن پروگرام کے ذریعے مندرجہ ذیل بیماریوں سے محفوظ رہنے کیلئے مفت ویکسینز پیش کی جاتی ہیں:

- خنّاق
- تشنج
- کالی کھانسی (pertussis)
- کاکڑا لاکڑا (varicella)
- ہیومن پیپی لوما وائرس (HPV)

آپ ان بیماریوں اور ان سے محفوظ رکھنے کیلئے استعمال کی جانے والی ویکسینز کے بارے میں یہاں مزید تفصیل پڑھ سکتے ہیں: healthywa.wa.gov.au/immunisation

طے شدہ معمول

WA ہیلتھ اور لوکل کمیونٹی نرسنگ کی ٹیمیں آپ کے بچے کے سکول میں ہر ٹرم میں مندرجہ ذیل معمول کے مطابق ویکسی نیشن کرتی ہیں:

پہلی مرتبہ آمد: ہیومن پیپی لوما وائرس (HPV)
کاکڑا لاکڑا (varicella)

دوسری مرتبہ آمد: ہیومن پیپی لوما وائرس (HPV)
خنّاق- تشنج - کالی کھانسی (DTPa)

تیسری مرتبہ آمد: ہیومن پیپی لوما وائرس (HPV)

والدین کو کیا کرنا ہے

امیونائزیشن کی اجازت کا یہ پیک آپ کے بچے کے درجہ 8 کے سکول پروگرام کے ذریعے مہیا کیا گیا ہے۔ اس پیک میں معلومات اور ایک اجازت کا فارم شامل ہے۔

ماں، باپ یا سرپرست کے طور پر آپ کو یہ کرنا ہے:

- پیک میں شامل اجازت کے فارم کو دھیان سے پڑھیں اور اگر آپ کو مزید معلومات کی ضرورت ہو تو اپنے سکول کی نرس سے رابطہ کریں
- سرخ یا سبز خانے میں ٹک کا نشان لگا کر واضح کریں کہ آپ کونسی ویکسینز کی اجازت دے رہے ہیں، اور کیا آپ بعض ویکسینز کی اجازت نہیں دے رہے، پھر دی گئی جگہ پر دستخط کریں۔
- اجازت کے فارم میں ایسے طبی مسائل کے بارے میں معلومات دیں جن سے ویکسی نیشن پر آپ کے بچے کا ردعمل متاثر ہو سکتا ہے۔
- مکمل کیا ہوا فارم سکول کو لوٹا دیں **چاہے آپ ویکسی نیشن کی پیشکش ٹھکرا رہے ہوں**

مزید معلومات کی ضرورت ہونے پرنرس آپ سے رابطہ کر سکتی ہے۔

صرف ان طالبعلموں کو ویکسی نیشن لگے گی جن کی جانب سے دستخط شدہ مکمل فارم دیا گیا ہو۔

ویکسی نیشن کے دن کا اعلان سکول کے ہفتہ وار نیوزلیٹر میں کیا جائے گا۔ اگر آپ کے بچے کو اس دن ویکسی نیشن نہ لگے تو آپ کو مطلع کیا جائے گا اور ویکسی نیشن لگوانے کے متبادل مواقع پیش کیے جائیں گے۔

آپ کے بچے کو ویکسی نیشن لگنے سے پہلے

ہلکی، عام بیماری، جیسے زکام کے ساتھ ہلکے بخار کی وجہ سے ویکسی نیشن میں تاخیر نہیں ہونی چاہیئے۔ تاہم کچھ کیسوں میں مشورہ دیا جاتا ہے کہ طبی مسائل موجود ہونے کی صورت میں ویکسی نیشن نہ لگائی جائے یا اسے ملتوی کر دیا جائے۔ ان صورتوں میں اپنی امیونائزیشن نرس یا سکول کو آگاہ کریں کہ آپ کا بچہ:

- ماضی میں کسی ویکسی نیشن پر شدید ردعمل ظاہر کر چکا ہے
- شدید الرجی میں مبتلا رہا ہے جس میں ویکسی نیشن کا مشورہ نہیں دیا جاتا
- پچھلے ایک مہینے کے اندر زندہ جراثیم والی ویکسین لگوا چکا ہے (جیسے تپدق، خسرہ، زرد بخار)
- پچھلے تین مہینوں میں امیونوگلوبولن کا انجیکشن لگوا چکا ہے یا مکمل خون کا عطیہ لے چکا ہے
- مدافعت کم کر دینے والی کسی بیماری میں مبتلا ہے (جیسے لیوکیمیا، کینسر، ایچ آئی وی/ ایڈز) یا ایسا علاج کروا رہا ہے جو مدافعت کم کر دیتا ہے (جیسے سٹیرائڈز والی ادویات مثلاً" hydrocortisone یا prednisolone، ریڈیو تھراپی، کیموتھراپی)
- کسی ایسے شخص کے ساتھ رہتا ہے جسے مدافعت کم کر دینے والی بیماری ہے یا جو مدافعت کم کر دینے والا علاج کروا رہا ہے
- ویکسی نیشن کے وقت صحتمند نہیں ہے۔

ویکسی نیشن کے بعد دیکھ بھال

انجیکشن کے مقام پر سرخی اور سوجن ہو سکتی ہے – ٹھنڈا نم کپڑا لگائیں۔

کچھ درد، بخار، سر درد یا تھکن ہو سکتی ہے۔ سردرد اور دیگر درد کیلئے پیراسیٹامول لیبل پر لگی ہدایات کے مطابق دیں۔ اگر بخار برقرار رہے تو اپنے ڈاکٹر سے مشورہ کریں۔

ویکسینز کے عام اور کم ظاہر ہونے والے ضمنی اثرات کے بارے میں مزید معلومات کیلئے healthywa.wa.gov.au/immunisation پر جائیں۔

اگر کوئی ایسا ردعمل ظاہر ہو جو آپ کے خیال میں سنگین یا غیرمتوقع ہو تو فوری طور پر ڈاکٹر سے مشورہ طلب کریں۔

ویسٹرن آسٹریلیا میں تمام امیونائزیشن فراہم کرنے والے قانون کے تحت امیونائزیشن کے بعد برے ردعمل کی رپورٹ کرنے کے پابند ہیں۔ والدین بھی ویکسی نیشن کے بعد کسی طرح کے سنگین ردعمل کی رپورٹ یا تو آن لائن wavvs.health.wa.gov.au پر کر سکتے ہیں یا 1312 9321 پر سنٹرل امیونائزیشن کلینک کو فون کر کے رپورٹ کر سکتے ہیں

ویکسی نیشن کا ریکارڈ

ویکسی نیشن کے بعد طالبعلموں کو ان ویکسینز کا ریکارڈ ملے گا جو انہیں لگی ہوں۔

سکول کے پروگرام کے تحت لگائی جانے والی تمام ویکسینز کو ویسٹرن آسٹریلیا ہیلتھ کے سکول بیسڈ ڈاٹا بیس میں ریکارڈ کیا جاتا ہے۔

اس کے علاوہ HPVویکسی نیشنز کو نیشنل HPVرجسٹر میں ریکارڈ کیا جاتا ہے: hpvregister.org.au

رابطے

سنٹرل امیونائزیشن کلینک

فون: 9321 1312 صبح 8.30 تا شام 4.30، ہفتے کے عام پانچ دن

آپ کا مقامی ڈاکٹر

آپ کا مقامی کمیونٹی ہیلتھ سنٹر، ہسپتال یا پبلک ہیلتھ یونٹ

healthywa.wa.gov.au/publichealthunits

healthdirect Australia

فون: 1800 022 222

مزید معلومات

ڈیپارٹمنٹ آف ہیلتھ

healthywa.wa.gov.au/immunisation

امیونائز آسٹریلیا پروگرام

1800 671 811 یا immunise.health.gov.au

hpv.health.gov.au/for-parents

یہ دستاویز کسی معذور شخص کی درخواست پر متبادل فارمیٹس میں مہیا کی جا سکتی ہے۔

پبلک ہیلتھ ڈویژن کا تیار کردہ

© ڈیپارٹمنٹ آف ہیلتھ 2015

اس مواد کا کاپی رائٹ سٹیٹ آف ویسٹرن آسٹریلیا کو حاصل ہے سوائے اس کے کوئی اور نشاندہی کی گئی ہو۔ کاپی رائٹ ایکٹ 1968 کے اصولوں کے تحت دی گئی اجازت کے مطابق ذاتی مطالعے، تحقیق، تنقید یا نظر ثانی کے کسی جائز عمل کے سوا اس مواد کا کوئی حصہ سٹیٹ آف ویسٹرن آسٹریلیا کی تحریری اجازت کے بغیر کسی بھی مقصد سے دوبارہ تیار یا دوبارہ استعمال نہیں کیا جا سکتا۔

IMM-013031 OCT'15